# 27-08-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ حیدرآباد کے تاریخی میر عالم تالاب کو ایک ممتاز خاندانی تفریحی مقام کے طور پر ترقی دینے کی حکمت عملی کے تحت وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج اچانک وہاں پہنچ کر جدید کاری کے کاموں کا جائزہ لیا۔

۲۔ نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے بنگلورو میں کرناٹک کے وزیر توانائی کے جے جارج سے ملاقات کی اور سنگارینی کوئلہ کی سپلائی کے معاملے کا جائزہ لیا۔

۳۔ بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے الزام عائد کیا کہ ریاست میں کانگریس حکومت ایمرجنسی طرز کی حکمرانی کر رہی ہے۔

اور

۴۔ حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے بتایا ہے کہ ریاست میں آئندہ سات دنوں کے دوران ہلکی تا اوسط بارش کا امکان ہے۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو کھیلوں کے ذریعہ سماجی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنا چاہئے۔ حکومت کھیلوں کو محض ایک اضافی سرگرمی نہیں بلکہ ملک کی تعمیر میں اہم ذریعہ سمجھتے ہوئے فروغ دے رہی ہے۔ وہ آج حیدرآباد کی انگلش اینڈ فارین لینگویجس یونیورسٹی (ایفلو) کے احاطہ میں مرکزی وزارتِ امور نوجوانان اور کھیل کود کے زیر اہتمام منعقدہ اسپورٹس ڈے سے خطاب کر رہے تھے۔ کشن ریڈی نے کہا کہ بھارت 2036 میں کامن ویلتھ گیمز کی میزبانی کرے گا، جو مستقبل میں اولمپک کھیلوں کی میزبانی کے لئے حوصلہ فراہم کرے گی۔ انہوں نے یونیورسٹیوں اور

کالجوں کو اولمپکس کے انعقاد کے لئے ابھی سے تیاریاں شروع کرنے کا مشورہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک وقت میں کھیل تعلیم کا حصہ ہوا کرتے تھے لیکن اب یہ ملک کی ترقی کے اہم اشاریوں میں تبدیل ہو چکے ہیں۔ کھیلوں کی ترقی کے لئے حکومت نے کھیلوں کے بجٹ کو ایک ہزار کروڑ روپے سے بڑھا کر پانچ ہزار کروڑ روپے کر دیا ہے۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ 'کھیلو انڈیا ڈائیلاگ' میں وزیراعظم کی جانب سے دیا گیا پیغام کھلاڑیوں کے لئے حوصلہ افزا اور تحریک دینے والا ہے۔ اس موقع پر کشن ریڈی نے طلبہ کے ساتھ 'نشا مکت بھارت ابھیان' کا عہد بھی لیا۔ ایفلو کے وائس چانسلر پروفیسر این ناگراجو، رجسٹرار سینی منچالا، پی آئی بی کی اڈیشنل ڈائرکٹر جنرل شروتی پاٹل اور کھیلوں سے وابستہ شخصیات جے جے شوبھا، شری یانشی بالیشیٹی اور سریجا جادھو سمیت دیگر نے شرکت کی۔

MSM/PTC-HYD

CM - Sports Agreement

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ان کی حکومت کھلاڑیوں کو اس انداز میں تیار کرنے کا عزم رکھتی ہے کہ وہ ملک کیلئے باعث فخر بنیں۔ اسی مقصد کے تحت ریاست میں کھیلوں کی ترقی کے لیے حکومت نے کورین نیشنل اسپورٹس یونیورسٹی کے ساتھ معاہدہ کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے 'ایکس' کے ذریعہ بتایا کہ اس شراکت داری سے عالمی معیار کی کھیلوں کی تربیت، اسپورٹس سائنس اور دیگر متعلقہ شعبوں میں نمایاں فائدہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ان کے گزشتہ دورہ کوریا کے موقع پر اعلیٰ سطحی وفد کے ساتھ ہونے والی بات چیت کے نتیجہ میں یہ معاہدہ طئے پایا ہے۔ ریونت ریڈی نے امید ظاہر کی کہ اس معاہدے کے تحت کیے جانے والے اقدامات ریاست کے نوجوان کھلاڑیوں کو عالمی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کے مواقع فراہم کرنے میں معاون ثابت ہوں گے۔

Desk

CM Visits Mir Alam

تلنگانہ حکومت تاریخی اہمیت کے حامل میر عالم تالاب کو جدید سہولیات سے آراستہ کرتے ہوئے ایک ممتاز سیاحتی و تفریحی مرکز کے طور پر ترقی دینے کا منصوبہ بنارہی ہے۔ خاندان کے ساتھ آنے والے افراد کو ایک ہی مقام پر دن بھر قدرتی مناظر، تفریح اور آرام سے لطف اندوز ہونے کی سہولت فراہم کرنا حکومت کا مقصد ہے۔ وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی نے جمعرات کو میر عالم تالاب کا اچانک معائنہ کیا اور وہاں جاری ترقیاتی کاموں کا عہدیداروں کے ساتھ جائزہ لیا۔ انہوں نے تالاب کے اطراف جاری کاموں کے علاوہ تالاب پر تعمیر کئے جارہے سسپنشن برج کے کاموں کا بھی معائنہ کیا۔ عہدیداروں نے فوٹو نمائش کے ذریعہ کاموں کی پیش رفت سے وزیراعلیٰ کو واقف کرایا۔ وزیراعلیٰ نے تمام کام مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت دی۔ موسیٰ ریور فرنٹ ڈیولپمنٹ کارپوریشن لمیٹڈ کی نگرانی میں میر عالم ٹینک کی ترقی کے کام جاری ہیں۔ تالاب کی تجدید و احیاء، اطراف کے علاقوں اور جزائر کی ترقی اور برج کی تعمیر پر مشتمل جامع منصوبہ تیار کیا جارہا ہے۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت دی کہ میر عالم تالاب میں گندے پانی کی آمد کو روکنے کے لئے موثر اقدامات کیے جائیں۔ تالاب سے دریائے موسیٰ میں سیلابی پانی کے آسانی سے اخراج کے لئے نالوں کو وسیع کرنے اور پانی کے معیار کو بہتر بنانے پر خصوصی توجہ دینے کی بھی ہدایت دی۔

Desk

Khelo - India - Dialogue HYD

اولمپین کھلاڑی اور ارجن ایوارڈ یافتہ جے جے شوبھا نے حیدرآباد کے ایفلو میں کھیلو انڈیا ڈائیلاگ، کھیل کی بات پی ایم کے ساتھ پروگرام میں شرکت کرتے ہوئے کھیلنے کی اہمیت پر اظہارِ خیال کیا۔

Sound Byte JJ Shobha

تلنگانہ کی یوتھ آئیکان کی حیثیت سے شریجا جادھو نے کھیلو انڈیا پروگرام میں شرکت کی۔انہوں نے اس موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

Sound Byte Srijaa Jadhav

HYT - PTC

Bhatti - Investments

نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ کا نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ آئندہ دسمبر میں حیدرآباد میں منعقد ہونے والی 'تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ 2026 انویسٹ تلنگانہ' کے لئے انتظامات مضبوط اور جامع انداز میں کئے جائیں۔انہوں نے ریاست میں سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے لئے ماہرین کی ایک کمیٹی تشکیل دینے کی ہدایت بھی دی۔نائب وزیر اعلیٰ نے سمٹ کے انتظامات کی نگرانی کے لئے پرجا بھون میں فوری طور پر ایک وار روم قائم کرنے کا بھی حکم دیا۔بھٹی وکرامارکہ نے کل کابینہ کی ذیلی کمیٹی کے ساتھ سمٹ کے انتظامات کا جائزہ لیا۔

Desk

Oil Palm

ریاست میں آئل پام کی کاشت کو وسعت دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔شہری رسد کے وزیر این اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ حکومت دھان کی فصل کے متبادل کے طور پر آئل پام کی کاشت پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔انہوں نے بتایا کہ ریاست میں موجودہ 3.12 لاکھ ایکڑ رقبہ سے آئل پام کی کاشت کو مزید 21 ہزار 240 ایکڑ تک وسعت دی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ بالخصوص سوریا پیٹ، کھمم اور کوتہ گوڑم اضلاع میں آئل پام کوریڈور کے قیام کے لئے منصوبے تیار کیے جا رہے ہیں۔

Desk

Ponguleti

وزیر مال پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ اندراما مکانات اسکیم کے دوسرے مرحلہ کے مستحقین کے انتخاب کا عمل آئندہ ماہ 15 تاریخ تک مکمل کرلیا جائے گا۔انہوں نے ایک بیان میں بتایا کہ رواں سال مارچ کے اختتام تک مکانات کی تعمیر مکمل کرنے والے مستحقین کے لئے 185 کروڑ روپے جاری کئے جائیں گے۔وزیر نے کہا کہ اندراما مکانات اسکیم کے لئے مرکز کی جانب سے ملنے والے فنڈز کے اجرا میں تاخیر ہورہی ہے، تاہم ریاستی حکومت آخری بل کی ادائیگی تک مستحقین کو رقم فراہم کرے گی۔

Desk

Weather

محکمہ موسمیات نے بتایا ہے کہ ریاست کے کئی اضلاع میں آج گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔کریم نگر، ورنگل، مولوگو، بھدرادری، کاماریڈی، متحدہ محبوب نگر، میدک، سنگاریڈی، رنگاریڈی، میڑچل اور وقارآباد اضلاع کے لئے ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔محکمہ موسمیات نے عوام کو چوکس رہنے اوراحتیاطی تدابیر اختیار کرنے کا مشورہ دیا ہے۔

Desk

AP - Road Accident

آندھراپردیش کے پلناڈو ضلع کے چلکالوری پیٹ قومی شاہراہ پر آج علی الصبح پیش آئے سڑک حادثہ میں چھ افراد ہلاک اور 10 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق وجئے واڑہ سے تروپتی جانے والی ایک نجی بس نے مخالف سمت سے آنے والے آٹو کو ٹکر ماردی۔ پولیس نے بتایا کہ مہلوکین کا تعلق ویلورگاؤں سے تھا اور وہ زرعی مزدور تھے جو کام کے سلسلہ میں سفر کررہے تھے۔ زخمیوں کو گنٹور کے

سرکاری اسپتال منتقل کیا گیا ہے۔ پولیس نے معاملہ درج کر کے حادثہ کی وجوہات کی تحقیقات شروع کردی ہیں۔

NSD

MeeSeva Digital

آئی ٹی کے وزیر ڈی شری دھر بابو نے کہا ہے کہ می سیوا مراکز کو صرف شہری خدمات تک محدود رکھنے کے بجائے عوام میں ڈیجیٹل طریقہ کار کے بارے میں بیداری پیدا کرنے اور آمدنی کے مواقع بڑھانے کے مراکز کے طور پر ترقی دی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ می سیوا مراکز کے ذریعہ چھوٹے تاجروں کو ڈیجیٹل مارکیٹنگ کے مواقع فراہم کئے جائیں گے۔اسی مقصد کے تحت ریاست کے می سیوا مراکز کو ڈیجیٹل مارکیٹنگ ہب میں تبدیل کیا جائے گا۔وزیر نے کل حیدرآباد کے فنانشل ڈسٹرکٹ میں منعقدہ می سیوا ڈیجیٹل مارکیٹنگ تربیتی پروگرام کے دوسرے مرحلے میں شرکت کی۔ اس موقع پر می سیوا کمشنر اور دیگر عہدیدار موجود تھے۔

Desk

VH

حکومت کے مشیر وی ہنمنت راؤ نے کہا ہے کہ سابق بی آر ایس حکومت کی جانب سے متعارف کرائے گئے دھرنی پورٹل کی وجہ سے ریاست میں اراضی کے متعدد مسائل پیدا ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ریاست میں پٹیل اور پٹواری نظام کے دور میں بھی اتنے زیادہ مسائل نہیں تھے۔ہنمنت راؤ نے کل حیدرآباد کے گاندھی بھون میں منعقدہ ایک پروگرام میں اراضی مسائل سے متاثرہ افراد سے درخواستیں وصول کیں۔اس موقع پر صحافیوں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے الزام عائد کیا کہ ماضی میں اندرا گاندھی کی جانب سے غریبوں میں تقسیم کی گئی اراضی کو زمیندار دوبارہ اپنے قبضے

میں لے کر رجسٹریاں کروا رہے ہیں۔انہوں نے اس معاملہ میں کارروائی کرنے کے لئے وزیر مال سے مداخلت کی اپیل کی۔

Desk

Governor

گورنر شیو پرتاپ شکلا نے کہا ہے کہ رکشا بندھن کا تہوار بھائی بہن کے درمیان پاکیزہ محبت، اعتماد اور اپنائیت کی علامت ہے۔انہوں نے رکشا بندھن کے موقع پر ریاست کے تمام عوام کو مبارکباد پیش کی۔گورنر نے کہا کہ راکھی کا تہوار محض ایک روایت نہیں بلکہ باہمی احترام، محبت، تحفظ اور ایک دوسرے کا ساتھ دینے کے جذبے کی عکاسی کرتا ہے۔انہوں نے خواہش ظاہر کی کہ یہ تہوار ہر خاندان میں خوشی، امن اور بھائی چارہ پیدا کرے اور عوام کے درمیان اتحاد کو مزید مضبوط بنائے۔

Desk

Weather

حیدرآباد محکمہ موسمیات نے بتایا ہے کہ ریاست میں آئندہ سات دنوں کے دوران ہلکی سے اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات نے آج حیدرآباد، رنگاریڈی، میڑچل ملکاجگیری، بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، وقارآباد اور نلگنڈہ سمیت کئی اضلاع میں بارش کی پیش گوئی کرتے ہوئے ایلو الرٹ جاری کیا ہے۔

PN

Bhatti Vikramarka

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرم ارکا نے بنگلورو میں کرناٹک کے وزیر توانائی کے جے جارج سے ملاقات کی اور سنگارینی کوئلے کی سپلائی کے معاملہ کا جائزہ لیا۔ملاقات کے دوران چھتیس گڑھ اور اوڈیشہ میں واقع کوئلہ

کی کانوں کی کانکنی میں سنگارینی اور کرناٹک جینکو کی مشترکہ شراکت داری پر تبادلہ خیال کیا گیا۔کرناٹک کے وزیر نے اس تجویز پر مثبت ردعمل ظاہر کیا۔نائب وزیراعلیٰ نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ کرناٹک کی بجلی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے روزانہ چار کوئلہ ریکس کی بلاتعطل سپلائی یقینی بنائی جائے۔

Desk

BJP

بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے الزام عائد کیا ہے کہ ریاست میں کانگریس حکومت ایمرجنسی طرز کی آمرانہ حکمرانی کر رہی ہے۔ پولیس کی جانب سے انہیں تارناکہ میں واقع ان کی رہائش گاہ پر روکے جانے کے بعد انہوں نے میڈیا سے بات کی۔انہوں نے کہا کہ رامنتا پور پولی ٹیکنک کے طلبہ سے ملاقات کے لئے جانے سے پولیس کا روکنا حکومت کی بزدلی کا ثبوت ہے۔رام چندر راؤ نے الزام عائد کیا کہ جی او 97 کے ذریعے پولی ٹیکنک طلبہ کو ای سیٹ کے مواقع سے محروم کرکے حکومت نے ان کے مستقبل کو تاریک کردیا ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ محض دکھاوے کیلئے قائم کی جانے والی کمیٹیوں کو نظرانداز کرتے ہوئے جی او 97 کو غیر مشروط طور پر منسوخ کیا جائے۔

Desk

Governor in Hospital

وزیراعلیٰ این ریونت ریڈی اور رکن پارلیمنٹ ویم نریندر ریڈی نے گورنر شیو پرتاپ شکلا کی آج عیادت کی جو ناسازی صحت کے باعث حیدرآباد کے ہائی ٹیک سٹی میں واقع ایک نجی اسپتال میں زیرعلاج ہیں۔انہوں نے گورنر کی صحت کے بارے میں دریافت کیا اور اسپتال کے ڈاکٹروں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت دی۔اس موقع پر وزیراعلیٰ نے گورنر کی جلد صحت یابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

Desk

OO